میں ضرور یہودیوں اور نصرانیوں کو جزیرہ عرب سے نکال دوں گا، یہاں تک کہ مسلمان کے سوا کسی کو نہیں چھوڑوں گا

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے ہوئے سنا ہے: "میں ضرور یہودیوں اور نصرانیوں کو جزیرہ عرب سے نکال دوں گا، یہاں تک کہ مسلمان کے سوا کسی کو نہیں چھوڑوں گا"۔

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں اور نصرانیوں کو جزیرہ عرب سے نکال باہر کرنے کا عزم ظاہر کیا تھا، تاکہ اس کے اندر ایک سے زیادہ دین کا وجود نہ رہے، پورا جزیرہ عرب توحید سے آباد رہے اور اس میں شرک کی کوئی نشانی باقی نہ رہے دراصل کافروں کے پڑوس میں اور ان کے ساتھ رہنا بری چیز ہے اور یہ بہت سی برائیوں کا سبب بنتا ہے اس سے اس بات کا ڈر رہتا ہے کہ کہیں سیدھے سادے اور کم علم و فہم والے مسلمان ان کی مشابہت اختیار کرنے نہ لگیں، ان کے عقائد کو بہتر سمجھنے نہ لگیں اور ان کی تقلید کرنے کی جانب راغب نہ ہو جائیں اس لیے مسلمانوں کا الگ رہنا، اپنے ملک اور شہر میں بود و باش اختیار کرنا اور الگ عقیدے کے حامل لوگوں کے بیچ رہنے سے بچنا ضروری ہے یہی وجہ ہے کہ یہودی، نصرانی اور مجوسی وغیرہ تمام کافر ملتوں کو جزیرہ عرب سے نکالنا ضروری ہے، کیونکہ جزیرہ عرب، جہاں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی اترا کرتی تھی، مسلمانوں کے لیے خاص ہے اور کسی بھی صورت میں اس کے اندر کسی غیر مسلم کا رہنا صحیح نہیں ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/64625